
# نصف سے زائد (52%) پاکستانی خود کو غریب بتاتے ہیں۔ خود کو غریب قرار دینے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی۔






آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سوشل

سماجی رویے

**نصف سے زائد (52%) پاکستانی خود کو غریب بتاتے ہیں۔ خود کو غریب قرار دینے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی۔**


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 17 اکتوبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف سے زائد (52%) پاکستانی خود کو غریب بتاتے ہیں۔ خود کو غریب قرار دینے والوں کی شرح خواتین اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 1% جوابدہندگان نے خود کو "امیر" قرار دیا، 52% جوابدہندگان نے خود کو "غریب" قرار دیا، جبکہ 46% جوابدہندگان نے خود کو "مڈل کلاس" قرار دیا، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** پاکستانی مرد حضرات کی نسبت، پاکستانی خواتین کی %20 زیادہ شرح نے خود کو غریب قرار دیا، اس کے برعکس خود کو امیر سمجھنے والوں کی شرح خواتین میں %1 سے بھی کم پائی گئی۔اس کی یہ وجہ ہوسکتی ہے کہ پاکستان میں عام طور پر مرد حضرات گھرانے کے مالی معاملات سنبھالتے ہیں اور اُن کو گھرانے کا سربراہ/ کمانے والا سمجھا جاتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی – شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (%31) کی نسبت، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (%64) میں خود کو غریب قرار دینے کے حوالے سے شرح دوگناہ سے زیادہ پائی گئی۔ تاہم، دونوں علاقوں کے درمیان شرح کے اس فرق کو اس طرح کم کیا گیا ہے کہ دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی %31 زیادہ شرح خود کو مڈل کلاس سمجھتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 824 خواتین اور مرد حضرات سے 6th اگست تا 9th ستمبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر %95 اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔



***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 17th October 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)